سلسلہ مرویاتِ صوفیاء ۲

اَلْمَرْوِيَّاتُ الْقُشَيْرِيَّةُ مِنَ الْأَحَادِيْثِ النَّبَوِيَّةِ

(امام ابو القاسم عبد الکریم القشیریؒ کی مرفوع متصل روایات)

شیخ الاسلام الدکتور محمد طاہر القادری

منہاج القرآن پبلیکیشنز
MINHAJ-UL-QURAN PUBLICATIONS

سلسلہ مرویاتِ صوفیاء: ۲

اَلْمَرْوِیَّاتُ الْقُشَیْرِیَّة
مِنَ
الْاَحَادِیْثِ النَّبَوِیَّة

(امام ابو القاسم عبد الکریم القشیری رحمۃ اللہ علیہ کی مرفوع متصل روایات)

تألیف

شیخ الاسلام الدکتور محمد طاہر القادری

معاونینِ ترجمہ و تخریج:

محمد تاج الدین کالامی، اجمل علی مجددی

منہاج القرآن پبلی کیشنز

365- ایم، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 35168514، 042-111-140-140

یوسف مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور، فون: 37237695

www.Minhaj.org-sales@Minhaj.org

جملہ حقوق بحقِ تحریکِ منہاج القرآن محفوظ ہیں

سلسلہ مرویاتِ صوفیاء : ۲

نام کتاب	:	اَلْـمَرْوِيَّاتُ الْقُشَيْرِيَّةُ مِنَ الْأَحَادِيْثِ النَّبَوِيَّةِ ﴿امام ابو القاسم عبد الکریم القشیریؒ کی مرفوع متصل روایات﴾
تالیف	:	شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری
معاونینِ ترجمہ وتخریج	:	محمد تاج الدین کالامی، اَجمل علی مجدّدی
نظرِ ثانی	:	پروفیسر محمد نصر اللہ معینی
زیرِ اہتمام	:	فریدِ ملّتؒ رِیسرچ اِنسٹی ٹیوٹ Research.com.pk
مطبع	:	منہاجُ القرآن پرنٹرز، لاہور
اِشاعتِ اَوّل	:	ستمبر 2009ء (1,100)
اِشاعتِ دُوُم	:	اگست 2010ء (1,100)
قیمت	:	-/130 روپے

نوٹ: شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی تمام تصانیف اور خطبات و لیکچرز کی کیسٹس اور CDs سے حاصل ہونے والی جملہ آمدنی اُن کی طرف سے ہمیشہ کے لیے **تحریکِ منہاجُ القرآن** کے لیے وقف ہے۔

(ڈائریکٹر منہاجُ القرآن پبلی کیشنز)

fmri@research.com.pk

منہاج انٹرنیٹ بیورو کی پیشکش

www.MinhajBooks.com

جملہ حقوق بحقِ تحریکِ منہاجُ القرآن محفوظ ہیں

منہاج انٹرنیٹ بیورو کی پیشکش www.MinhajBooks.com

جملہ حقوق بحقِ تحریکِ منہاجُ القرآن محفوظ ہیں

منہاج انٹرنیٹ بیورو کی پیشکش

www.MinhajBooks.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَولَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیبِکَ خَیرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ
مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ
وَالْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّمِنْ عَجَمِ

﴿صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَ بَارَکَ وَسَلَّمَ﴾

منہاج انٹرنیٹ بیورو کی پیشکش
www.MinhajBooks.com

حکومتِ پنجاب کے نوٹیفکیشن نمبر ایس او (پی۔ا) ۴-۱/ ۸۰ پی آئی وی، مؤرّخہ ۳۱ جولائی ۱۹۸۴ء؛ حکومتِ بلوچستان کی چٹھی نمبر ۸۷-۴-۲۰ جنرل وایم ۴/ ۰۷ ۹-۳۔۷، مؤرّخہ ۲۶ دسمبر ۱۹۸۷ء؛ حکومتِ شمال مغربی سرحدی صوبہ کی چٹھی نمبر ۲۴۴۱۱-۶۷ این۔ا/ اے ڈی (لائبریری)، مؤرّخہ ۲۰ اگست ۱۹۸۶ء؛ اور حکومتِ آزاد ریاست جموں و کشمیر کی چٹھی نمبر س ت/ اِنتظامیہ ۶۳-۸۰۶۱/ ۹۲، مؤرّخہ ۲ جون ۱۹۹۲ء کے تحت ڈاکٹر محمد طاہرالقادری کی تصنیف کردہ کتب تمام سکولز اور کالجز کی لائبریریوں کے لئے منظور شدہ ہیں۔

فہرس

الرقم	المحتویات	الصفحة
۞	مُقَدِّمَۃ	١١
۞	﴿الإمام أبو القاسم عبد الكريم القشيري رضي الله عنه﴾	٢٥
۞	تعارف	٢٧
۞	آپ کے شیوخ	٢٧
۞	آپ کے تلامذہ	٣٢
۞	امام قشیریؒ کے جید رفقاء و مصاحبین	٣٤
۞	امام قشیریؒ کے بارے میں ائمہ کرام کی آراء	٣٥
۞	آپؒ کی تصانیف	٣٦
۞	الرسالة القشيرية کا مختصر تعارف	٣٩
۞	إسناد المؤلف إلى الإمام أبي القاسم عبد الكريم القشيري رضي الله عنه امام ابو القاسم القشیریؒ تک مؤلّف کی متصل اَسانید	٤٥

الرقم	الأبواب	الصفحة
۞	الأحاديث المتّصلة المرفوعة من الرّسالة القشيرية ﴿الرسالة القشيرية سے ماخوذ مرفوع متصل اَحادیث﴾	٥٣
١.	اَلْعُبُوْدِيَّةُ وَالْمَعْرِفَةُ بِاللهِ ﴿عبادت اور معرفت الٰہی کا بیان﴾	٥٥
٢.	أَحْبَابُ الرَّسُوْلِ ﷺ ﴿حضور ﷺ کے محبوب اُمتیوں کا بیان﴾	٥٩
٣.	اَلْمَحَبَّةُ ﴿محبت کا بیان﴾	٦٠
٤.	اَلذِّكْرُ وَالدُّعَاءُ ﴿ذکر اور دعا کا بیان﴾	٦٤
٥.	تِلَاوَةُ الْقُرْآنِ وَالسَّمَاعُ ﴿تلاوتِ قرآن اور سماع کا بیان﴾	٧٤
٦.	اَلتَّوْبَةُ وَالْاِسْتِغْفَارُ	٨٠

الرقم	المحتویات	الصفحة
	﴿توبہ و استغفار کا بیان﴾	
۷.	اَلْمُجَاهَدَةُ وَالإِسْتَقَامَةُ	۸۳
	﴿مجاہدہ اور استقامت کا بیان﴾	
۸.	اَلزُّهْدُ وَالْوَرَعُ وَالتَّقْوَى	۸۶
	﴿زہد و ورع اور تقویٰ کا بیان﴾	
۹.	اَلْخَوْفُ وَالرَّجَاءُ	۹۱
	﴿خشیتِ الٰہی اور رحمتِ الٰہی کی اُمید کا بیان﴾	
۱۰.	اَلتَّوَكُّلُ	۹۹
	﴿توکل باللہ کا بیان﴾	
۱۱.	اَلصَّبْرُ وَالشُّكْرُ وَالرِّضَا	۱۰۱
	﴿صبر و شکر اور رضا کا بیان﴾	
۱۲.	اَلصِّدْقُ وَالْإِخْلَاصُ وَالْيَقِيْنُ	۱۰۷
	﴿صدق، اخلاص اور یقین کا بیان﴾	
۱۳.	اَلْحَيَاءُ وَالْغَيْرَةُ	۱۱۲

الرقم	الأبواب	الصفحة
	﴿حیاء اور غیرت کا بیان﴾	
١٤.	اَلْأَخْـلَاقُ الْحَسَنَةُ	١١٦
	﴿اَخلاقِ حسنہ کا بیان﴾	
١٥.	اَلْجُوْدُ وَالسَّخَاءُ وَالْفَقْرُ	١١٧
	﴿جود وسخا اور فقر کا بیان﴾	
١٦.	اَلصَّمْتُ وَقِلَّةُ الْكَلَامِ	١١٩
	﴿خاموشی اور کم گوئی اختیار کرنے کا بیان﴾	
١٧.	اَلْأَدَبُ وَالتَّأْدِيْبُ	١٢١
	﴿ادب و تادیب کا بیان﴾	
١٨.	اَلْأُخُوَّةُ وَالْفُتُوَّةُ	١٢٠
	﴿اُخوت و مودّت کا بیان﴾	
١٩.	اَلْكِبْرُ وَالْحَسَدُ	١٢٤
	﴿تکبر و حسد کا بیان﴾	
٢٠.	اَلْغِيْبَةُ	١٢٧

الرقم	المحتويات	الصفحة
	﴿غیبت کا بیان﴾	
۲۱.	اَلْوِلَايَةُ وَإِثْبَاتُ کَرَامَاتِ الْأَوْلِيَاءِ	۱۲۸
	﴿ولایت اور کراماتِ اولیاء کا اِثبات﴾	
۲۲.	فَرَاسَةُ الْمُؤْمِنِ	۱٤۱
	﴿فراستِ مومن کا بیان﴾	
۲۳.	اَلرُّؤْيَاءُ	۱٤۲
	﴿خوابوں کا بیان﴾	
۲٤.	تَذْكِيرُ الْمَوْتِ	۱٤٥
	﴿موت کو یاد کرنے کا بیان﴾	
۞	مصادر التخريج	۱٤۷

مُقدّمہ

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ تصوف و طریقت دینِ اسلام سے الگ ایک متوازی دین ہے۔ یہ خیال سراسر کم علمی اور کم فہمی بلکہ جہالت پر مبنی ہے۔ اُمتِ مسلمہ کی چودہ سو سالہ تاریخ میں علمِ حدیث، تفسیر اور فقہ کے کسی شعبے کے ائمہ کا ایک چھوٹا سا مکتبہ فکر بھی تصوف اور صوفیاء یا اُن کی تعلیمات کا منکر نہیں رہا۔ دوسری اہم بات یہ ہے کہ تصوف علمی سند کے بغیر وجود میں نہیں آیا۔ معروف اَکابر صوفیاء بیک وقت عالم بھی تھے اور زاہد و متقی بھی۔ طبقۂ علماء کی طرح طبقۂ عرفاء و صلحاء بھی ہمیشہ سے خدمتِ دین میں پیش پیش رہا ہے بلکہ علماء سے دو قدم آگے بڑھ کر صوفیاے کرام نے اُمتِ مسلمہ کو رُشد و ہدایت، علم اور معرفتِ حق، گمراہیوں سے نجات، تطہیرِ باطن اور تہذیبِ اَخلاق کا عملی درس دیا ہے۔ قول کی بجائے کردار و عمل سے ایمان اور اسلام کو درجۂ اِحسان تک پہنچایا اور تزکیہ نفس اور تصفیہ قلب و باطن کے کٹھن فرائض سرانجام دے کر خدمتِ دین کا فریضہ نبھایا۔ عجیب اِتفاق یہ ہوا کہ صدیوں سے اِن ائمہ تصوف پر بطور مفسر، محدّث، فقیہ اور مجتہد علمی کام کما حقہ نہیں ہو سکا۔ نتیجتاً تصوف اور ائمہ تصوف کا علمی پہلو عوام و خواص کی نظروں سے اوجھل ہوتا گیا۔ اِس اِعتبار سے اَکابر صوفیاے کرام کی علمی ثقاہت کو متعارف کروانا اہلِ علم و تحقیق کا فرض تھا لیکن اس میں کوتاہی ہوتی رہی۔ اس لئے ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ صدیوں سے محقق علماء کے ذمے قرض تھا جس کو شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری مدظلہ العالی نے اللہ تعالیٰ کی توفیق سے مرویاتِ صوفیاء کے سلسلہ اشاعت کے ذریعے چکایا ہے۔

ذیل میں ہم موضوع کی مناسبت سے علمی تاریخ کا ایک مختصر جائزہ لے رہے ہیں جس میں ہم ان اَسباب پر اِجمالی روشنی ڈالیں گے جن کی وجہ سے صوفیاے کرام کے

مقابلے میں محدثین اور فقہاء کو زیادہ اعتبار و استناد حاصل رہا۔

قرآن حکیم میں جہاں بھی فرائضِ نبوت و رسالتِ محمدی ﷺ کا تذکرہ فرمایا گیا وہاں کم و بیش ان چار فرائض کا ذکر ضرور آیا ہے:

- تلاوتِ آیات
- تزکیہ نفوس
- تعلیمِ کتاب
- تعلیمِ حکمت

اِرشاد فرمایا گیا:

كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ○[1]

’’اسی طرح ہم نے تمہارے اندر تمہیں میں سے (اپنا) رسول بھیجا جو تم پر ہماری آیتیں تلاوت فرماتا ہے اور تمہیں (نفسًا و قلبًا) پاک صاف کرتا ہے اور تمہیں کتاب کی تعلیم دیتا ہے اور حکمت و دانائی سکھاتا ہے اور تمہیں وہ (اسرارِ معرفت وحقیقت) سکھاتا ہے جو تم نہ جانتے تھے ○‘‘

یہ بات قابلِ غور ہے کہ آیت مبارکہ میں بیان شدہ جہات اور فرائض میں سے ہر جہت اور ہر فریضہ ایک طبقہ اُمت کی نشان دہی کر رہا ہے۔ مثلاً لوگوں کو حق کی تلقین کرنے والے مبلغین و مصلحینِ اُمت تلاوتِ آیات کے محاذ پر ڈٹے رہے۔ تزکیہ نفوس اور تصفیہ باطن کرنے والے صلحاء اور اَصفیاء اپنے طور پر فریضہ رسالت نبھاتے رہے، تعلیم

(۱) البقرة، ۲: ۱۵۱

کتاب و حکمت سے بہرہ ور کرنے والے مجتہدین، مفکرین اور حکماے اُمت ہر عہد میں اس دور کے تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے تجدید و اِحیاے دین کا فریضہ سرانجام دیتے رہے۔ تینوں طبقات اپنے اپنے دائروں اپنے اپنے مراتب اوراپنے اپنے اَدوار میں دین کی خدمت پر مامور رہے اور آج بھی ہیں۔ لیکن ایسا کبھی نہیں ہوا کہ اِن طبقات میں سے کسی ایک نے دوسرے کے وجود کا انکار کیا ہو یا اپنے علاوہ دوسرے کی نفی کی ہو۔ اسی طرح ایک اور مقام پر فرمایا گیا:

اِنَّمَا يَخْشَى اللهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُاط (۱)

''بس اللہ کے بندوں میں سے اس سے وہی ڈرتے ہیں جو (ان حقائق کا بصیرت کے ساتھ) علم رکھنے والے ہیں۔''

یہاں بھی اللہ تعالیٰ نے خشیت کی لازمی صفت کے ساتھ علماء کا تذکرہ فرمایا ہے۔ معروف اور اکابر صوفیاء کا حال بھی یہی تھا کہ وہ بیک وقت عالم بھی تھے اور زاہد و متقی بھی۔ مذکورہ بالا دونوں آیات میں وارثانِ پیغمبر علماء و عرفاء کی ذمہ داریوں کے دائرے مختلف بتائے گئے ہیں مگر ان میں سے کسی ایک دینی طبقہ کو دوسرے پر ترجیح نہیں دی گئی۔ تاہم یہ ایک تلخ تاریخی حقیقت ہے کہ صدیوں پر محیط، طویل عرصہ سے لاشعوری طور پر علماء اور صوفیاء جیسے امت کے دو بڑے اور محترم طبقوں میں واضح تقسیم پیدا ہوگئی۔ اس امتیاز اور تقسیم کار کے اَسباب اور وُجوہات پر الگ سے تحقیق ہوسکتی ہے، لیکن ہم یہاں ان تمہیدی سطور میں صرف دو بنیادی اَسباب کا تذکرہ ضروری سمجھتے ہیں:

ان اَسباب پر بحث کرنے سے قبل یہ بات واضح کرنا ضروری ہے کہ یہ تقسیم قرونِ اولیٰ کے اَدوار میں خود بہ خود ہوئی۔ اس کے پیچھے کسی بھی طبقے کی شعوری کاوش یا سازشی حکمتِ عملی کارفرما نہیں تھی۔ تاہم بعد ازاں جب تیسری صدی ہجری میں علم الکلام

(۱) فاطر، ۳۵: ۲۸

اور فلسفہ یونان کے نظریات و اَفکار کا اِسلامی تصوف سے اِختلاط شروع ہوا تو اس تقسیم میں شعوری کاوشیں اور کسی حد تک تعصب اور معاصرانہ رقابت کے مظاہر بھی واضح طور پر دیکھنے میں آتے ہیں۔

پہلا سبب:

پہلی صدی ہجری کا نصف آخر اور دوسری صدی ہجری مکمل طور پر اس لحاظ سے اسلامی علوم کی تاریخ میں اہمیت رکھتی ہیں کیونکہ یہی دور دراصل تمام اسلامی علوم کی تدوین و تنظیم کا دور ہے۔

حکمتِ الٰہیہ کے تحت صحابہ کرام اور تابعین عظام رضی اللہ عنہم سمیت بہترین دماغ کے حامل نفوسِ قدسیہ علومِ اِسلامی کی خدمت میں یوں لگ گئے کہ ان کی ساری زندگیاں ان علوم وفنون کی خدمت کے لیے وقف ہوگئیں۔ انہوں نے پورے خلوص، دیانت اور جاں فشانی سے تفسیر قرآن، حدیثِ نبوی اور فقہ اسلامی کے میادین میں شاندار خدمات سرانجام دیں۔ یہی دور تھا جب ایک طرف احادیثِ نبوی کو حجاز مقدس کے علاوہ کوفہ، بصریٰ، شام، عراق، مصر اور یمن جیسے علاقوں میں مختلف اَسالیب میں جمع کیا جارہا تھا اور دوسری طرف اَطراف و اکنافِ عالم میں پھیلتے ہوئے دین کی تفہیم کے لئے تفسیر اور فقہی علوم پر ائمہ کرام تصنیف و تالیف کے سنہری اَبواب رقم کر رہے تھے۔

ان دینی علوم کے علم برداروں میں ایک طرف امام اعظم ابو حنیفہ، امام مالک، امام شافعی، امام احمد بن حنبل اور امام محمد بن حسن الشیبانی جیسی عبقری اور جامع الصفات شخصیات تھیں جو قرآن و سنتِ نبوی کی روشنی میں اجتہاد و استنباط کے بعد شرعی قوانین و اصول مرتب کر رہے تھے اور دوسری طرف امام طحاوی، امام ابن ابی شیبہ، امام عبدالرزاق، امام بخاری، امام مسلم، امام ترمذی، امام ابوداؤد، امام نسائی، امام ابن ماجہ اور امام دارمی جیسے

فقید المثال رجالِ کار احادیث نبوی کے صاف و شفاف حالت میں جمع و ترتیب کا کام سرانجام دے رہے تھے۔

الغرض اِس دورِ اَوائل میں اَئمہ تفسیر، اَئمہ حدیث، اَئمہ عقائد و کلام اور اَئمہ فقہ جو اپنے اپنے شعبوں میں سند (**authority**) تھے ان کے وسیع حلقے قائم ہوتے چلے گئے۔ دور و نزدیک سے اَعلیٰ دماغ ان کے حلقہ ہائے دروس کا حصہ بنے اور ان کی کتب کو پوری دنیا میں شہرت و ثقاہت مل گئی۔ آئندہ آنے والی نسلیں انہی معروف اَئمہ کی مشہور کتب کو پڑھتی رہیں اور اپنے اپنے حلقوں میں پڑھاتی رہیں۔ اِس طرح ہر فن اور ہر موضوع پر یہ کتب مرکزی حیثیت حاصل کرتی چلی گئیں اور انہی ائمہ کو سند کا درجہ حاصل ہوگیا۔ چنانچہ صدیوں سے جاری اس عمل نے لاشعوری اور غیر ارادی طور پر ایک تقسیم اور امتیاز پیدا کر دیا۔ اس تقسیم اور امتیاز کے تحت پوری امت میں بجا طور پر سند اور حجت کے لیے یہ ائمہ دین معروف ہو گئے۔

قرونِ اوائل میں ان اَئمہ دین کے پہلو بہ پہلو ایک دوسرا طبقہ بھی دین اسلام کی خدمت و تبلیغ میں مصروف رہا، جن میں امام حسن بصری، فضیل بن عیاض، ذوالنون مصری، سری السقطی، الحارث المحاسبی، بایزید بسطامی، سفیان الثوری، عبداللہ بن المبارک، معروف الکرخی، یحییٰ بن معاذ، جنید بغدادی، سہل بن عبد اللہ تستری اور ابن ابی الدنیا وغیرہم رضی اللہ عنہم جیسے اسمائے گرامی بطورِ خاص قابلِ ذکر ہیں۔ یہ لوگ اپنی اپنی جگہ فقیہ بھی تھے اور محدث و مفسر بھی، لیکن ان کی طبیعت کا غالب رجحان عرفان، تصوف اور طریقت کی طرف تھا۔ لہٰذا یہ بطور عارف، صوفی اور متصوف مشہور ہوگئے، ان کی توجہ قال سے زیادہ حال پر مرکوز تھی۔ یہ شہرت و ناموری سے کوسوں دور رہے تھے۔ ان کے ہاں اظہار کی بجائے اِخفاء غالب تھا۔ یہ امتِ مسلمہ کو رشد و ہدایت دینے کے لیے گفتار کی بجائے کردار کو زیادہ معتبر سمجھتے تھے۔ ان کے ہاں معرفتِ حق کے لئے علم کے ساتھ ساتھ عرفان ضروری تھا۔ یہ اسلام اور

ایمان کے درجات میں کیفیتِ اِحسان کے قائل تھے۔ یہ اپنے اپنے حلقہ تربیت میں بیٹھنے والوں کو محض کتابیں پڑھا کر مسند فراغت دینے پر اکتفاء نہیں کرتے تھے بلکہ انہیں مجاہدۂ نفس اور عرفانِ ذات و کائنات کے مراحل سے گزار کر عارف اور مزکی بناتے تھے۔

ان کی نظر عبادت کے حفظ و ضبط اور نصوص کی تشریح و تعبیر پر مرکوز نہیں ہوتی تھی بلکہ وہ اُسوۂ حسنہ کی روایت کو آگے بڑھاتے ہوئے لوگوں کو تطہیرِ باطن، تہذیبِ اَخلاق اور معرفتِ حق کی کھٹن منزلوں سے انگلی پکڑ کر گزارنے کو دینی فریضہ گردانتے تھے۔ انہیں اس سے کوئی سروکار نہیں تھا کہ ان کے حلقے میں کتنے لوگ آئے؟ کیا پڑھا؟ اور کس فن میں سند اجازت حاصل کی؟ بلکہ ان کے نزدیک اہم یہ تھا کہ کون کس حال میں آیا اور اسے کیسے صاحبِ حال بنا کر دین کی امانت اس کے سپرد کی جائے؟ صاف ظاہر ہے اس طبقہ میں نہ شہرت تھی اور نہ دولت۔ نہ ظاہری کروفر تھا اور نہ حلقہ درس کی وسعت کی خواہش۔ جو آتے وہ دنیا طلبی، ہوسِ مال و زر اور اقتدار کی تمنا چھوڑ کر آتے اور جب جاتے تو دنیا کی ترجیحات ان کا مطمع نظر رہتی ہی نہیں تھیں۔ اس لیے طبقہ علماء سے یہ طبقہ صوفیاء الگ اور منفرد ہوتا چلا گیا، حالاں کہ خود ائمہ علوم فقہ و حدیث ان نفوسِ قدسیہ کے حلقوں میں بیٹھ کر اپنے ایمان کو جلا بخشتے تھے، ان کا بے حد احترام کرتے اور ان کی زیارت کو سعادت خیال کرتے۔ لیکن مقامِ تعجب ہے کہ ائمہ کی ان سے اس عقیدت کے باوجود ثقاہت و اعتبار کی دنیا میں انہیں ہمیشہ ''کمزور'' اور ''ظنی'' خیال کیا جاتا رہا۔ ہمارے نزدیک اس کا سبب ان بزرگانِ دین کی عدم ثقاہت نہیں تھی بلکہ ان کے حال اور مقام سے لوگوں کی عدم معرفت تھی۔ البتہ صاحبانِ معرفت کے لیے ان کی حیثیت ہمیشہ سر چشمہ علم و عرفان کی سی رہی اور آج بھی ہے۔

اس غیر ارادی تقسیم کے نتیجے میں گویا علماء ایک طرف ہو گئے اور صوفیاء خاشعین دوسری طرف۔ علماء و مشائخ کے ساتھ ایک علمی نشست میں حضرت شیخ الاسلام مدظلہ نے

سورۃ فاطر کی آیت نمبر ۲۸ - ﴿اِنَّمَا یَخْشَی اللهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا﴾ - کا حوالہ دیتے ہوئے موضوع زیر بحث کو یوں سمیٹا ہے:

''اللہ تعالیٰ نے علماء اور صوفیاء کو جوڑا تھا کہ علماء وہی ہیں جو خاشعین ہیں لیکن بعد ازاں خشیت، طہارت، ورع اور روحانیت ایک طرف کر دی گئی اور علم ایک طرف کر دیا گیا۔ معرفت، قیام اللیل، سجدہ ریزیاں، رِقت اور گریہ و بکاء اور اس کے نتیجے میں طاعات کے جو روحانی نتائج و ثمرات مرتب ہوتے ہیں وہ ایک طرف کر دیے گئے، اور سند، روایت، حجت اور تحقیق دوسری طرف جمع ہوگئیں۔ اوائل وقت سے ہی علم اُن اصحابِ تصنیف و تالیف کے ساتھ خاص کر دیا گیا جو علماء تھے۔ ان کے ذریعے دین کا ''قال'' امت تک پہنچا۔ جبکہ اولیاء کرام اور صوفیاء عظام کا طبقہ الگ کر دیا گیا۔ یہ وہ لوگ تھے جو دین کے ''حال'' کے امین تھے۔ ''حال'' تقاضا کرتا ہے کہ بولا کم جائے اور عمل زیادہ کیا جائے۔ لہٰذا ''اہلِ حال'' نے اپنے اوپر سکوت لازم کر لیا جبکہ ''اہلِ قال'' نے اپنے اوپر روایتِ علم لازم کر دی۔ لہٰذا جو روایت کرنے والے تھے اہلِ روایت نے اُنہی سے رجوع جاری رکھا، اُمت اُن سے ثقاہت کی نسبت سے شناسا ہوگئی۔ اس کے برعکس جنہوں نے غلبۂ حال کی وجہ سے کثرتِ روایت کا عمل ترک کر دیا تھا، اِخفاے حال کی بناء پر وہ پسِ پردہ چلے گئے۔ چونکہ انہوں نے زیادہ کتابیں نہیں لکھیں اور جو لکھیں وہ موضوعات کے اعتبار سے مدارس اور اہلِ علم تک نہیں پہنچیں اس لئے عام لوگوں نے ان کی پہچان علم کے حوالے سے کرنا چھوڑ دی اور یہ سمجھا کہ یہ اَصحابِ کشف و کرامات اور ریاضات و مجاہدات ہیں۔ ساتھ ہی نہ جانے کیوں سمجھا جانے لگا کہ یہ دین کے علم میں حجت نہیں۔ اس بے بنیاد مفروضے کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ لوگ جو حاملینِ علم ٹھہرے، ان کے سامنے جب بھی

کسی اللہ کے عارف کی بات کی جائے تو وہ کہتے ہیں: ''ٹھیک ہے بھئی! وہ بزرگ ہیں مگر آپ ائمہ علم کی بات کریں جو حجت ہیں؛ اولیاء وصلحاء تو صاحبانِ کشف و کرامات اور عبادت کرنے والے اَہل اللہ تھے۔'' یعنی ہم ہر دور میں برکت تو ان کی مانتے ہیں مگر علم میں ان کی بات حجت نہیں مانتے۔ ان کے فیوضات وکرامات حق ہیں مگر بات اُن کی مانیں گے جو علم میں حجت ہیں۔ (۱)

صدیوں سے جاری اِس خود ساختہ تقسیم کا مزید نتیجہ یہ ہوا کہ بتدریج صوفیاء، عرفاء، اَصحابِ ذِکر وتصوّف - خواہ جتنے بڑے عالم کیوں نہ ہوں، محدّث، مفسر اور فقیہ کیوں نہ ہوں - انہیں ''اہلِ تصوف و روحانیت'' کے زمرے میں ڈال کر علم سے الگ کر دیا گیا؛ بلکہ اس پر متاخرین میں سے کچھ ظاہر بین علماء نے زیادتی یہ کی کہ اپنی اہمیت بڑھانے کے لئے ان بے نفس اور بے ریا شخصیات کو دین سے خارج، بدعتی اور متوازی طرزِ فکر کا حامل قرار دے دیا۔ حالاں کہ حقیقتِ حال اس سے مختلف تھی۔ یہ عظیم المرتبت لوگ پہلے عالمِ دین تھے اور بعد میں صوفی و عارف۔ زُہد و ریاضت کا معنی ہرگز یہ نہیں تھا کہ ایسے لوگ علم اور روایتِ علم سے نابلد تھے یا ان کا تعلق حدیث، تفسیر، فقہ یا علم الکلام سے کٹ گیا تھا بلکہ یہی لوگ دراصل دین کے سچے خادم اور رسول اللہ ﷺ کے نائب تھے۔ یہ محدّث بھی تھے، مفسر بھی اور فقیہ بھی۔ جیسا کہ اوپر ذکر ہوا کہ ان کے حلقہ ہائے تربیت میں وقت کے محدّثین، مفسرین اور فقہاء حاضر ہوتے اور علم کو نفع بخش بنانے کے لئے ان سے زُہد و اخلاص کی چاشنی حاصل کرتے۔

دوسرا سبب

جلیل القدر ائمہ حدیث کی کتب سے یہ ثابت ہے کہ جو ہستیاں بطور صوفی و ولی

(۱) اِقتباس اَز خطاب آل پاکستان مشائخ کانفرنس، منعقدہ بتاریخ ۳ مارچ، ۲۰۰۹ء

معروف و مشہور تھیں انہوں نے ترکِ روایت کر دیا تھا مگر اس ترکِ روایت کے رجحان سے یہ استدلال ہرگز نہیں کیا جا سکتا کہ وہ کم علم تھے۔ وہ قلیل الروایت ہونے کے باوجود کثیر العلم تھے۔ غلبہ حال ضرور تھا مگر اس کا معنی یہ نہیں کہ ان کے پاس ’’قال‘‘ نہ تھا بلکہ انہوں نے ’’قال‘‘ پر اکتفا کرنے کی بجائے حال تک رسائی حاصل کر لی تھی۔ وہ فقیر بھی تھے، محدّث بھی تھے اور فقیہ و مجتہد بھی۔ بڑے بڑے اہل اللہ، عرفاء اور صلحاء جنہیں ساری دنیا صرف صوفیاء اور اولیاء کے طور پر جانتی ہے مگر وہ اپنے وقت کے عظیم محدّث، مفسر اور فقیہ و مجتہد بھی تھے؛ مثلاً امام حسن بصری، حارث المحاسبی، جنید بغدادی، امام سلمی، ابو نصر سراج الطّوسی، امام القشیری، ابوطالب المکی، شیخ عبدالقادر جیلانی، محی الدین ابن العربی اور امام شعرانی رحمہم اللہ وغیرہ کا امامِ حدیث اور امامِ فقہ ہونا اور ان کے معاصر اَجل ائمہ فقہ و حدیث کا ان کی بارگاہ میں بیٹھ کر زانوے تلمذ طے کرنا تاریخ نے ثابت کر دیا ہے۔

یہاں یہ بات بھی یاد رہنی چاہیے کہ وہ اَجل اَئمہ علم جنہیں دنیا بڑے محدث یا فقیہ کے طور پر جانتی ہے - جیسے امام اعظم ابوحنیفہ، امام شافعی، امام احمد بن حنبل، امام مالک، امام بخاری اور امام مسلم رحمہم اللہ وغیرہ - وہ خود بہت بڑے صوفی تھے۔

بنیادی سوال اور اس کا ’’عملی‘‘ جواب

درج بالا حقائق کی روشنی میں ہمارا یہ دعویٰ پایہ ثبوت کو پہنچ جاتا ہے کہ تصوف علمی سند کے بغیر وجود میں نہیں آیا۔ یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر یہ صوفیاء اَئمہ علم و حدیث بھی تھے تو کیا امام بخاریؒ، امام مسلمؒ، امام ابو داؤدؒ اور امام ترمذیؒ کی طرح حضور علیہ الصلاۃ و السلام تک حدیث میں ان کی بھی متصل مرفوع اسانید ہیں؟ اس کا جواب تلاش کرنے سے قبل ایک غلط فہمی کا ازالہ ضروری ہے۔ عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ جو زیادہ روایات کرتا ہے یا اس کی مرویات کی تعداد زیادہ ہوگی تو اسے زیادہ ثقہ سمجھا جائے گا۔ ثقاہت اور اعتبار کا تعلق قطعاً روایات کی کثرت کے ساتھ نہیں۔ اگر ایسا ہوتا تو خلفاے

راشدین رضی اللہ عنہم کو (معاذ اللہ) سب سے غیر ثقہ سمجھا جاتا کیونکہ ان سے مروی احادیث کی تعداد سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، عبادلہ ثلاثہ اور سیدہ عائشہ وغیرہم کے مقابلے میں بہت ہی کم ہیں (خصوصاً شیخین کریمین سے مروی احادیث)۔ حالانکہ انہوں نے جتنا وقت حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صحبت میں گزارا اور جتنے معاملات میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے مشاورت فرمائی وہ سوائے چند ایک کے باقی تمام کو میسر نہیں رہی معلومات اور قربت کا تقاضا تو یہی تھا کہ سب سے زیادہ مرویات حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ہوتیں مگر معاملہ اس کے برعکس ہے۔ (اس کی کیا وجہ ہے؟ یہ ایک الگ موضوع ہے جس پر ائمہ نے بہت لکھا ہے۔)

بعینہٖ محدثین اور عرفاے کاملین کے درمیان بھی روایات کی کثرت یا قلت کا یہی معاملہ کارفرما رہا ہے۔ جہاں تک سوال کے اس حصے کا تعلق ہے کہ صوفیاے کرام کی مرفوع متصل روایات موجود بھی ہیں یا نہیں تو اس کا سادہ جواب یہ ہے کہ ایسی روایات کتب احادیث و تصوف میں ایک معقول تعداد میں موجود ہیں۔ بات صرف اتنی ہے کہ ان بزرگوں کے نام سے مسانید جمع نہیں ہوئیں جس کی وجہ سے وہ پردۂ اِخفاء میں چلے گئے۔ شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری مدظلہ العالی کو قدرت نے جس باریک بینی اور ذوق و عرفان سے نواز رکھا ہے اس کا تقاضا تھا کہ وہ ان اکابر صوفیاء کی اس علمی حیثیت و مرتبہ کو کما حقہ اُجاگر کرتے۔ اُنہیں اَکابر اَسلاف کے ساتھ ساتھ صوفیاے کرام کی ذواتِ مقدسہ سے جس قدر عقیدت و محبت ہے یہ علمی کارنامہ اُسی کا مظہر ہے۔ آپ نے اُمہات الکتب سے ان مرفوع متصل روایات کو تلاش کر کے ''سلسلہ مرویاتِ صوفیاء'' کی صورت میں مرتب فرما دیا ہے۔ اب کم از کم متلاشیانِ علم کو اس سوال کے جواب میں تردّد نہیں ہوگا کہ صوفیاء کے اَسماے گرامی سلسلہ سندِ حدیث میں موجود نہیں۔

یہ کام خود اس سوال کا ''عملی'' جواب ہے۔ لہٰذا اب دنیا کا کوئی شخص ان اکابر صوفیاء کو ائمہ علم حدیث کے گروہ سے خارج نہیں کر سکتا کیونکہ بہت سارے ائمہ تصوف،

ائمہ ولایت اور اکابر اولیاء نے بھی اپنی اپنی کتب میں مرفوع متصل احادیثِ نبوی اپنی سند کے ساتھ روایت کی ہیں۔

آج میڈیا پر بعض نام نہاد مفکرین ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت مخالف پروپیگنڈے کو ہوا دینے کے لئے تحریری کاوشوں اور مذاکروں میں جلیل القدر ائمہ حدیث و تصوف کی کتب کو تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں۔ کہیں شیخ الاسلام امام ہرویؒ کی **منازل السائرین** کو ردّ کیا جاتا ہے اور کہیں امام سہروردیؒ کی **عوارف المعارف** کو، کہیں حضرت ابو طالب مکی کی **قوت القلوب** اور کہیں امام قشیری کے **الرسالة** پر تنقید کی جاتی ہے، کہیں ابو النصر السراج الطّوسی کی **کتاب اللمع** موضوعِ بحث ہے تو کہیں شیخ اکبر محی الدین ابن العربی کی **الفتوحات المکية** اور **فصوص الحکم** کو تختۂ مشق بنایا جاتا ہے۔ اِن بنیادی کتبِ تصوف کو آج یہ کہہ کر الگ رکھ دیا جاتا ہے کہ یہ صوفیاء کی باتیں ہیں، علم میں ان کی کوئی سند نہیں، حالاں کہ ان امہات الکتب میں بیان شدہ اعلیٰ و اَرفع مضامین اور حقائق اپنی جگہ غیر معمولی اہمیت کے حامل ہیں لیکن ان میں بیان شدہ روایات و احادیث بھی اسی قدر ثقہ اور مستند ہیں جس قدر محدّثین کی کتب میں احادیث مبارکہ کو مستند سمجھا جاتا ہے۔

اِس خالص علمی کاوش سے اہل علم و تحقیق پر واضح ہو جائے گا کہ یہ کتب محض رطب و یابس پر مشتمل کوئی افسانہ یا من گھڑت قصوں، کہانیوں کی مجموعہ نہیں بلکہ یہ وہ عظیم کتب ہیں جن میں تزکیہ نفوس اور تصفیہ قلوب کے لئے ان اکابر ائمہ نے قرآن حکیم کے ساتھ ساتھ آقاے دوجہاں ﷺ کے ارشادات گرامی سے بھر پور رہنمائی حاصل کی ہے اور کثیر تعداد میں مرفوع متصل احادیث کو اپنی اسناد کے ساتھ درج کیا ہے۔ حتی کہ یہ کتب جلیل القدر ائمہ حدیث نے خود پڑھیں اور آگے ان کی اجازات دیں۔ ان ائمہ میں ایک نمایاں نام حافظ ابن حجر عسقلانی کا بھی ہے۔ یہ وہ نام ہے کہ عرب وعجم میں شرق تا غرب کوئی عالم دین یا کوئی ماہر علوم حدیث ان کی بات کو ردّ نہیں کر سکتا۔ ان کی کتاب فتح

الباری شرح صحیح البخاری عرب یونی ورسٹیوں میں بطور نصاب شامل ہے۔ حافظ ابن حجر عسقلانی کو دنیا سوائے محدث اور شارحِ صحیح بخاری کے کسی اور حوالے سے جانتی ہے نہ پہچانتی ہے، مگر حقیقتِ حال یہ ہے کہ یہ بہت بڑے محدث ہونے کے ساتھ ساتھ ایک جلیل القدر صوفی بھی تھے۔ انہوں نے اپنے مشائخ اور اساتذہ سے ۱۰۶ کتابیں صرف وہ پڑھیں جو تصوف سے متعلق ہیں، ان کی متصل اجازات لیں اور ان کی متصل اسانید کو اپنے ثبت میں درج کیا ہے، جو ان کتب کے مؤلف اولیاء اور صوفیاء تک پہنچتی ہیں۔ مثلاً امام سلمی کی طبقات الصوفیة اور کتاب الأربعین فی التصوف، امام ابو القاسم القشیری کی کتاب الرسالة کو انہوں نے سبقاً پڑھا اور اجازت لی اور آگے اجازت دی۔ حضرت شیخ الاسلام مدظلہ العالی نے حافظ ابن حجر عسقلانی کے ثبت - جو تجرید أسانید الکتب المشهورة والأجزاء المنثورة کے نام سے بھی معروف ہے - سے ائمہ تصوف اور عرفاء کی ایک سو چھ (۱۰۶) کتب تک کی اسانید اور اجازات کو اپنی الگ کتاب اَلْمُنْتَقٰی لِأَسَانِیْدِ الْعَسْقَلَانِي إِلَی أَئِمَّةِ التَّصَوُّف وَالْعِلْمِ الرَّبَّانِي میں اِفادۂ خاص و عام کے لئے جمع کر دیا ہے۔

مرویاتِ صوفیاء کے اس سلسلہ کتب کی اشاعت سے اُمید ہے ان لوگوں کی غلط فہمی کا کافی حد تک اِزالہ ہو جائے گا جو محدثین اور صوفیاء کے درمیان بعد المشرقین سمجھتے چلے آرہے تھے۔

زیرِ نظر کتاب میں شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہرالقادری مدظلہ العالی نے امام ابو القاسم عبد الکریم بن ہوازن بن عبد الملک بن طلحہ بن محمد القشیریؒ کی معروف کتاب ''الرّسالة القشیریة في علم التصوف'' سے ان کی اپنی مکمل سند کے ساتھ مرفوع متصل احادیث کو جمع کر دیا ہے۔ یاد رہے کہ اِس کتاب میں امام قشیریؒ کے الرسالة سے صرف مرفوع متصل احادیث کو جمع کیا گیا ہے۔ اِن مرفوع احادیث کے علاوہ دیگر احادیث بھی

کثیر تعداد میں امام قشیریؒ نے مختلف موضوعات کے تحت اس کتاب کے علاوہ اپنی دیگر تصانیف میں بھی شامل کی ہیں۔ چوں کہ ہمارے پیش نظر صرف مرفوع متصل احادیث کو جمع کرنا تھا اِس لئے دیگر احادیث کو شامل نہیں کیا گیا۔ علاوہ ازیں عامۃ الناس کی سہولت کے پیش نظر احادیث کو مختلف عنوانات کے تحت درج کر دیا ہے۔ بیشتر عنوانات وہی ہیں جو امام قشیریؒ نے قائم کیے ہیں جب کہ کچھ عنوانات موضوع کی مناسبت سے نئے بھی قائم کیے گئے ہیں۔

(ڈاکٹر علی اکبر الازہری)

ڈائریکٹر رِیسرچ

اَلْإِمَامُ أَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الْكَرِيْمِ الْقُشَيْرِيُّ رضي الله عنه

(٣٧٥-٤٦٥ھ)

(صاحب الرسالة القشيرية)

تعارف

امام ابو القاسم عبد الکریم بن ہوازن بن عبد الملک بن طلحہ بن محمد القشیری الشافعی رضی اللہ عنہ کا شمار اُمتِ محمدیہ علی صاحبھا الصلاۃ والسلام کے کبار ائمہ حدیث و تصوف میں ہوتا ہے۔ آپ، تفسیر، فقہ، اُصول، عقیدہ، ادب اور شعر و کتابت کے بھی امام تھے۔

آپ کی پیدائش نیشاپور کے ایک گاؤں استواء میں ماہ ربیع الاوّل ۳۷۵ھ میں ہوئی۔ آپ کا آبائی تعلق عرب کے ایک قبیلہ قشیر بن کعب سے تھا۔ آپ ابھی بچے ہی تھے کہ آپ کے والدِ گرامی کا انتقال ہو گیا اور آپ نے یتیمی کی حالت میں پرورش پائی۔ ۱۶ ربیع الثانی ۴۶۵ھ میں بمقام نیشاپور تقریباً ۹۰ سال کی عمر میں آپ کا انتقال ہوا۔ آپ کو اپنے شیخ ابو علی دقاقؒ کے پہلو میں آپ کو دفن کیا گیا۔[1]

امام ابو القاسم القشیری کا شمار اَکابر اولیاء اللہ میں ہوتا ہے۔ آپ ان علماء و مشائخ میں سے ہیں جو نہ صرف یہ کہ خود زہد و ورع، تقوی و طہارت اور تزکیہ وتصفیہ کے اعلیٰ مقام پر فائز تھے بلکہ اُنہوں نے مخلوق خدا کی رہنمائی کے لئے سلوک و تصوف پر باقاعدہ کتب بھی لکھیں۔

آپؒ کے شیوخ

امام قشیریؒ نے اپنے وقت کے کبار ائمہ حدیث سے اکتسابِ فیض کیا۔ امام ابو بکر بیہقیؒ (صاحب السّنن) آپ کے ہم جماعت تھے اور اِن کے ساتھ درس حدیث اور

---

(۱) ذهبی، سیر أعلام النبلاء، ۱۸: ۲۲۷، ۲۲۸

شیوخ سے احادیث کی روایت حاصل کرنے میں شامل ہوتے تھے۔ آپ کے شیوخ درج ذیل ہیں:

١. الإمام أبو نعيم عبد الملک بن الحسن الإسفرايينی (م ٤٠٠هـ)

آپ نے حدیث کے معروف امام، امام ابوعوانہ سے اکتسابِ فیض کیا ہے۔

٢. الإمام أبو علی الحسن بن علي الدّقاق (م ٤٠٥هـ)

آپ نے ابو القاسم ابراھیم بن محمد نصر آبا ذی نیشاپوری سے علم حدیث حاصل کیا جو امام ابوبکر شبلی، امام ابوعلی روذباری اور امام مرتعش کے تلامذہ میں سے تھے۔ آپ حدیث میں ثقہ تھے جیسا کہ تاريخ بغداد، شذرات الذهب، سير أعلام النبلاء، اللباب، طبقات الشعراني اور النجوم الزاهرة میں بیان کیا گیا ہے۔

٣. الإمام أبو بكر محمّد بن الحسن بن فورک الأصبهانی (م ٤٠٦هـ)

آپ تقریباً ایک سو کتب کے مصنف تھے۔ امام ذہبی نے لکھا ہے کہ ان کا مزار حیرہ (نیشاپور) میں مستجاب الدعوات ہے۔[1] اِن سے امام بیہقی نے السنن الكبرى میں بہت سی احادیث نقل کی ہیں۔

٤. الإمام أبو سعد عبد الملک بن أبی عثمان محمّد بن إبراهيم الخركوشي النيسابوری (م ٤٠٧هـ) (صاحب شرف المصطفى ﷺ)

آپ کا شمار امام قشیریؒ کے مشہور ترین شیوخ میں ہوتا ہے۔ آپ نے مکہ مکرمہ، بغداد اور دمشق کا سفر کیا۔ بڑے بڑے ائمہ کرام سے اکتسابِ فیض کیا، آپ نے خطابت اور تصنیف و تالیف میں بڑا نام پیدا کیا۔ امام حاکم (جو عمر میں آپ سے بڑے تھے)، حسن بن محمد الخلال، ابو القاسم التنوخی اور ابو بکر البیہقی بھی آپ کے شاگردوں میں تھے۔ آپ

(١) ذهبی، سير أعلام النبلاء، ١٧: ٢١٥

اپنے وقت کے بہت بڑے عالم، زاہد اور نہایت صالح شخص تھے۔[1]

٥. الإمام عبد الله بن يوسف بن أحمد الأصبهانی (م ٤٠٩ھ)

یہ ثقہ محدّثین میں سے تھے۔ امام بیہقیؒ نے بکثرت ان سے روایات لی ہیں۔ اس کو علامہ ذہبی نے تذکرة الحفّاظ میں بیان کیا ہے۔ اِسی طرح شذرات الذّهب اور العِبر وغیرہ کتب اسماء الرجال میں آپ کے تفصیلی احوال بیان کیے گئے ہے۔[2]

٦. الإمام أبو عبد الرّحمن محمّد بن الحسين السُّلَمی (م ٤١٢ھ)

یہ اپنے وقت کے جلیل القدر امام تھے، آپ حافظِ حدیث، ثقہ، اور عظیم المرتبت ہستی تھے۔ اِن سے امام بیہقی اور کبار محدثین نے روایت کیا ہے۔

٧. الإمام أبو سعد أحمد بن أحمد المالينی الهروی (م ۴۱۲ھ)

اِن سے امام بیہقی نے السنن الکبریٰ میں ۳۴۸ احادیث روایت کی ہیں۔ امام حافظ ابوبکر بن احمد بن علی خطیب بغدادی نے بغداد میں منصور مسجد کے پاس رباط الصّوفيّة میں ان سے سماع کیا اور اپنی کتاب تاریخ بغداد میں ۵۴ مقامات پر ان سے روایت کیا ہے۔

٨. الإمام أبو الحسن علی بن أحمد بن عبدان الأهوازی الشّيرازی (م ٤١٥ھ)

یہ بہت بڑے محدث، صدوق، مشہور اور ثقہ تھے۔ یہ امام بیہقی اور ان جیسے دیگر محدثین کے کبار شیوخ میں سے ہیں۔

٩. الإمام أحمد بن الحسن بن أحمد بن محمّد الحرشی الحيری

(١) ذهبی، سير أعلام النبلاء، ١٣: ١٥٨، ١٥٩

(٢) ذهبی، سير أعلام النبلاء، ١٧: ٢٣٩

النّیسابوری (م ۴۲۱ھ)

ان سے امام حاکم نیشاپوری ’’صاحب المستدرک‘‘، امام ابو محمّد الجُوَینی اور خطیب بغدادی و دیگر محدثین نے روایت کیا ہے۔

.۱۰ الإمام حمزة بن یوسف السّهمی الجرجانی (م ۴۲۷/۴۲۸ھ)

آپ صحابیٔ رسول حضرت ہشام بن العاص بن وائل رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے تھے۔ آپ نے اپنے وقت کے کبار ائمہ سے اکتسابِ فیض کیا۔ امام قشیری کے علاوہ امام بیہقی کا شمار بھی آپ کے تلامذہ میں ہوتا ہے۔

.۱۱ الإمام أبو منصور عبد القاهر بن طاهر التّیمی البغدادی (م ۴۲۹ھ)

آپ جامع العلوم والفنون اور عظیم محدث تھے۔[(۱)]

.۱۲ الإمام أبو الحسین محمّد بن الحسین القطان البغدادی

اِن سے امام بیہقی، خطیب بغدادی، ہبۃ اللہ لالکائی اور ان جیسے دیگر کبار محدثین نے روایت کیا ہے۔

.۱۳ الإمام الحافظ أحمد بن محمّد بن إبراهیم المهرجانی الأصبهانی

یہ حافظ حدیث اور صاحبِ ثبت تھے ان سے امام بیہقی، خطیب بغدادی، سعید بقال اور دیگر جلیل القدر ائمہ نے روایت کیا ہے۔

.۱۴ الإمام الحافظ أبو الحسین عبد الغافر بن محمّد عبد الغافر الفارسی النّیسابوری (م ۴۴۸ھ)

یہ بات ذہن نشین رہے کہ امام قشیری کے اجل اور عظیم المرتبت شیوخ میں سے

(۱) سبکی، طبقات الشافعیة الکبری، ۵: ۸۶

امام ابوالحسین عبد الغافر بن محمد بن عبد الغافر فارسی نیشاپوری ہیں۔ انہوں نے امام الجلودی سے سماع کیا جو کہ شرق تا غرب صحیح مسلم کے ثقہ، مشہور اور معتمد ترین راوی ہیں۔ اِن کی ثقاہت اور جلالت علمی کے حوالے سے امام نووی نے ''مقدمہ شرح صحیح مسلم'' میں بیان کیا کہ انہوں نے ۳۶۵ھ میں امام الجلودی سے صحیح مسلم کا سماع کیا اور امام حاکم نے فرمایا کہ امام الجلودی کی وفات کے بعد ''صحیح مسلم'' کا سماع ختم ہوگیا ہے، ان کے بعد جو بھی امام ابراہیم بن محمد بن سفیان سے روایت کرتے ہیں وہ ثقہ نہیں ہیں۔ رہی بات ابراہیم بن محمد بن سفیان کے شیخ کی تو وہ خود امام مسلم ہیں۔

١٥. **الإمام أبو اسحاق إبراهيم بن محمّد بن إبراهيم الأصولی الإسفرايينی (م ٤١٨ھ)**

١٦. **الإمام أبو حاتم سهل بن محمّد بن عثمان الجشمی البصری السَّجِستانی**

١٧. **الإمام أبو الحسن عبد الرّحمن بن إبراهيم بن محمّد بن يحيی المزکّی (م ٣٩٧ھ)**

١٨. **الإمام أبو بكر محمّد بن أحمد بن عبدوس الحيری العدل المزکّی (م ٣٩٦ھ)**

١٩. **الإمام أبو سعيد محمّد بن إبراهيم الإسماعيلی**

٢٠. **الإمام أبو عبد الله محمّد بن عبد الله بن باكويه الشّيرازی (م ٤٢٨ھ)**

٢١. **الإمام أبو القاسم الصَّيرفی النّيسابوری (م ٤٢١ھ)**

٢٢. **الإمام أبو العبّاس القصّار الطّبری**

٢٣. **الإمام أحمد الأسود الدَينوری**

٢٤. الإمام أبو سهل الخشّاب الكبير

٢٥. الإمام منصور بن خلف المغربی (م ٤٦٢ھ)

٢٦. الإمام أبو طاهر المغربی الخوزندی

٢٧. الإمام أبو الحسين أحمد بن محمّد الخفّاف صاحب أبی العباس الثّقفي (م ٣٩٥ھ)(١)

آپؒ کے تلامذہ

١-٥. امام قشیریؒ کے تلامذہ میں سے آپ کے صاحبزادگان امام عبد اللہ، امام عبد الواحد، امام ابو نصر عبد الرّحیم اور امام عبد المُنعِم بھی شامل ہیں۔ آپ کے پوتے امام ابو الاسعد ہبۃ الرّحمٰن نے بھی آپ سے روایت کیا ہے۔

٦. فقیہ حرم امام ابو عبد اللہ محمّد بن الفضل الفراوی نیشاپوری (م ٥٣٠ھ) نے بھی آپ سے روایت کیا ہے۔ یہ ابو منصور بن عبد المنعم الفراوی نیشاپوری کے دادا ہیں اور امام منصور بن عبد المنعم الفراوی، امام نووی کے دادا استاد ہیں۔

اِس سے معلوم ہوا کہ امام نوویؒ اور امام قشیریؒ کے درمیان تین واسطے ہیں اور امام قشیریؒ اور امام مسلمؒ کے درمیان بھی تین واسطے ہیں۔ پس امام الفراوی (امام ابو القاسم القشیری کے شاگرد) صحیح مسلم کی روایت میں منفرد ہیں۔

٧. امام نوویؒ نے فرمایا کہ حافظ ابن عساکرؒ ان کے مشہور شاگردوں میں سے ہیں اور امام ابن عساکر نے فرمایا: حصولِ علم کے لئے میں نے دوسرا سفر امام محمد الفراوی (شاگرد امام قشیری) کی طرف کیا کیونکہ علوِ اسناد، وفورِ علم، صحتِ اعتقاد، حسن خلق، اور طلبہ پر

(١) ١۔ ذهبی، سیر أعلام النبلاء، ١٢: ٥٠٦، ٥٠٧

٢۔ تاج الدین السبکی، طبقات الشافعیة الکبری، ٥: ١٥٣

نظرِ شفقت میں اُس وقت اُن کا کوئی ثانی نہ تھا۔ میں ایک سال تک اُن کی صحبت میں رہا اور میں نے اُن کی سنی ہوئی مرویات سے بہت سے فوائد حاصل کیے اور میں اُن کے مرض وصال میں بھی اُنہیں احادیث سناتا تھا اور وہ سماعت فرماتے تھے۔[1]

امام حافظ ابو عمرو بن صلاح شہرزوری، ''صاحب مقدمہ ابن الصلاح'' فرماتے ہیں کہ امام محمد الفراوی کی علم المذاہب میں ایک کتاب تھی، جس سے میں نے بعض ایسے فوائد کا انتخاب کیا کہ جنہیں میں نے عجیب و غریب پایا۔ امام نوویؒ نے بھی اسے مقدمہ میں نقل کیا ہے۔ آپ سے ائمہ اور حفاظ نے سماع کیا اور مختلف ممالک سے طلبہ آپ کی طرف کشاں کشاں آئے اور آپ سے روایت دور و نزدیک کے بلاد میں پھیل گئی، یہاں تک کہ لوگوں نے آپ کے بارے میں کہا: فراوی کے ہزار راوی ہیں۔ پس وہ راوی جنہوں نے صحیح مسلم کو مولف تک متصل سند کے ساتھ روایت کیا ہے، قریب تھا کہ روایت تمام ممالک اور ازمنہ میں انہی تک محدود ہو جائے، یہاں تک کہ متاخرین سے بھی ہر راوی جس نے امام مسلم کی ''جامع الصحيح'' کو روایت کیا ہے کا شمار بھی اُنہی میں ہوتا ہے۔

۸. الإمام عبد الوهّاب بن شاه الشّاذياخيّ (م ٤٣٥ھ)

یہ امام قشیری کے مشہور شاگرد ہیں۔ اِن سے امام سمعانی، امام ابن عساکر، منصور فراوی اور دیگر اجل محدثین نے حدیث روایت کی ہے۔

۹. الإمام وجيه الشّحاميّ (م ٥٤١ھ)

امام قشیریؒ کے اِس عظیم شاگرد کا شمار بھی اپنے وقت کے اجل ائمہ کرام میں ہوتا ہے۔ بڑے بڑے اجل علماء نے آپ کے سامنے زانوئے تلمذ طے کیا جیسے امام ابن عساکر، امام سمعانی، منصور الفراوی وغیرہ۔ علاوہ ازیں ان کا شمار اپنے وقت کے چوٹی کے

(۱) نووي، مقدمة شرح صحيح مسلم

اصفیاء، اتقیاء اور اہلِ خیر ہستیوں میں ہوتا ہے۔[۱]

۱۰. الإمام أبو محمّد عبد الجبّار بن محمّد بن أحمد الخُواری البیهقی (م ٥٣٦ھ)

یہ بھی امام قشیری کے مشہور شاگرد ہیں ان سے امام ابو القاسم ابنِ عساکر الدمشقی، امام ابو الحسن المرادی، امام سمعانی، منصور بن عبد المنعم الفراوی، حافظ احمد بن محمد الشوکانی اور دیگر محدّثین نے حدیث روایت کی ہے۔[۲]

۱۱. الإمام زاهر الشّحّاميّ (م ٥٣٣ھ)

۱۲. الإمام عبد الرّحمن بن عبد الله البَحِیریّ (م ٥٤٠ھ)

۱۳. الإمام القاضی أبو عبد الله الحسین بن أحمد بن علي ابن فُطیمة الخسرو جردی الشافعی (٥٣٦ھ)[۳]

اِمام قشیریؒ کے جید رُفقاء و مصاحبین

بہت سے اجل ائمہ حدیث و تصوف امام قشیریؒ کے رفقاء و مصاحبین میں شامل ہیں، جن میں دو مشہور نام یہ ہیں:

۱. الإمام أبو بکر أحمد بن الحسین البیهقيؒ (صاحب السنن الکبری وشعب الإیمان)

۲. الإمام أبو محمّد عبد الله بن یوسف الجوینيؒ

---

(۱) ذهبی، سیر أعلام النبلاء، ١٤: ٥٦٩، ٥٧٠

(۲) ذهبی، سیر أعلام النبلاء، ١٤: ٥٤٥

(۳) ١۔ ذهبی، سیر أعلام النبلاء، ١٤: ٥٣٩

٢۔ تاج الدین السبکی، طبقات الشافعیة الکبری، ٥: ١٥٤

امام قشیریؒ کے بارے میں ائمہ کرام کی آراء

۱. امام عبد الغافرؒ، امام قشیریؒ کے متعلق فرماتے ہیں: امام قشیریؒ اپنے زمانے کے امامِ مطلق، فقیہ، متکلّم، اصولی، مفسّر، ادیب، نحوی، کاتب، شاعر اور سردار تھے۔ مخلوق میں اللہ تعالیٰ کا راز تھے، مدارِ حقیقت، عینِ سعادت و قطبِ سیادت تھے۔ اُنہوں نے شریعت اور حقیقت کو جمع کیا۔ آپ تصوف میں اشاعرہ اور فقہ میں مذہبِ شافعی کے بہت بڑے عالم تھے۔(۱)

۲. قاضی ابن خَلِّکانؒ نے فرمایا: امام ابو القاسم فقہ، تفسیر، حدیث، اصول، ادب، شعر اور کتابت کی علامت تھے۔ اُنہوں نے ''التفسیر الکبیر'' لکھی جو کہ تمام تفاسیر میں سے بہترین تفسیر ہے۔ اِسی طرح انہوں نے صوفیاء کے احوال پر ''الرّسالة'' کے نام سے بھی کتاب تحریر کی (جو کتبِ تصوف میں بنیادی ماخذ کی حیثیت رکھتی ہے)۔ اُنہوں نے امام ابو محمد الجوینی اور حافظ ابو بکر البیہقی کی معیت میں حج کی سعادت حاصل کی اور بغداد اور حجاز میں حدیث کا سماع کیا۔(۲)

۳. امام ابو بکر خطیب بغدادیؒ نے بیان کیا ہے کہ آپ ہمارے پاس ۴۴۸ھ میں تشریف لائے اور بغداد میں احادیثِ مبارکہ کا درس دیا۔ ہم نے آپ سے احادیث لکھیں۔ آپ ثقہ تھے اور خوبصورت وعظ فرماتے تھے، نیز مذہبِ اشاعرہ کے اُصول اور مذہبِ شافعی کے فروع کے عالم تھے۔(۳)

---

(۱) ۱۔ تقی الدین أبو إسحاق الصیرفینی، المنتخب من کتاب السیاق لتاریخ نیسابور: ۳۶۵
۲۔ یافعی، مرآۃ الجنان، ۳: ۹۲

(۲) ذھبی، سیر أعلام النبلاء، ۱۸: ۲۲۸

(۳) خطیب بغدادی، تاریخ بغداد، ۱۱: ۸۳

٤. امام ذہبیؒ نے آپ کے متعلق فرمایا: آپ بہت بڑے امام، زاہد، جلیل القدر صوفی، مفسر اور بہت بڑی جماعت کے استاد اور صوفیاء کے امام تھے۔[1]

آپؒ کی تصانیف

امام ابو القاسم القشیریؒ نے بہت سی کتب تصنیف فرمائیں۔ اُن میں سے چند مشہور کتب یہ ہیں:

١. **الرّسالة القشيرية في علم التصوف**

(اسے انہوں نے ۴۳۸ھ/۱۰۴۶ء میں تالیف فرمایا۔)

٢. **لطائف الإشارات (تفسير القرآن)**

یہ قرآن حکیم کی منتخب آیات کی صوفیانہ تفسیر ہے۔ جس کو امام قشیریؒ نے حقائق و معارف کے طریق پر لکھا ہے۔ اِس کا اُسلوب امام سلمیؒ کی تفسیر کے اُسلوب کے قریب ترین ہے۔

٣. **الفتویٰ** (اسے امام سبکیؒ نے الطبقات میں بیان کیا ہے۔)

٤. **حياة الأرواح والدّليل إلى طريق الصّلاح**

٥. **المعراج**

٦. **شكاية أهل السّنة بحكاية ما نالهم من المحنة**

امام سبکی نے الطبقات الشافعیہ میں اس کا ذکر کیا ہے۔

٧. **الفصول في الأصول**

٨. **اللُّمَع في الاعتقاد**

٩. **التّوحيد النّبوي**

(١) ذهبی، سير أعلام النبلاء، ١٨: ٢٢٧

۱۰.　التّيسير في علم التّفسير

یہ التفسیر الکبیر کے نام سے معروف ہے۔ امام قشیریؒ کی یہ پہلی تالیف تھی جو اُنہوں نے ۴۱۰ھ/۱۰۱۹ء میں مکمل کی۔ علامہ ابن خلکانؒ اور امام جلال الدین سیوطیؒ فرماتے ہیں کہ یہ تفاسیر میں بہترین اور واضح ترین تفسیر ہے۔

۱۱.　ترتيب السّلوک في طريق الله تعالى

۱۲.　التحبير في التّذكير

۱۳.　القصيدة الصّوفيّة

۱٤.　الأربعون في الحديث

اس میں امام قشیریؒ نے اپنے شیخ ابو علی الدقاق سے چالیس متصل احادیث سند کے ساتھ درج کی ہیں۔

۱۵.　شرح الأسماء الحسنى

۱٦.　أحكام الشرع

۱۷.　آداب الصوفية

۱۸.　استفاضة المرادات

۱۹.　بلغة المقاصد في التصوف

۲۰.　الجواهر

۲۱.　ديوان الشعر

۲۲.　الذكر والذاكر

۲۳.　سيرة المشايخ

۲٤.　عيون الأجوبة في أصول الأسئلة

٢٥. مجالس أبي علي الحسن الدقاق

٢٦. المناجاة

٢٧. منثور الخطاب في شهود الألباب

٢٨. ناسخ الحديث ومنسوخه

٢٩. نحو القلوب الصغير

٣٠. نحو القلوب الكبير

٣١. نكت أولي النهى

الإمام ابن حجر عسقلانی، القاضی زکریا بن محمد الانصاری، الإمام محمد بن اسماعیل الانماطی، الإمام ابن عساکر، الإمام محمد الفراوی، شیخ اکبر محی الدین ابن العربی، الإمام جلال الدین السیوطی، الإمام قطب الدین القسطلانی، الإمام الشعرانی، شاہ ولی اللہ محدث دهلوی، شیخ عبد الحق محدث دهلوی سمیت کئی ائمہ حدیث اور اجل علماء اسلام نے آپؒ کی اور دیگر ائمہ تصوف کی کئی کتب کو سبقاً پڑھا، سبتاً، سماعاً اور قراءتاً شیوخ سے اِن کی اجازت لی اور اپنی اسانید کے ساتھ اپنے اَثبات میں اِن کا ذکر کیا اور اپنے تلامذہ کو اِن کی اجازات عطا کیں۔ جن سے اِن کتب کی ثقاہت اور اِن ائمہ تصوف کی جلالتِ علمی کا پتہ چلتا ہے۔

امام قشیریؒ کی **الرسالة القشيرية** کی اجازت کے بارے میں حافظ ابن حجر عسقلانیؒ فرماتے ہیں:

’’ہمیں ابو معالی عبد اللہ بن عمر بن علی الازھری نے براہِ راست اجازت دی، انہوں نے اس کی اجازت البدر محمد بن احمد بن خالد الفارقی سے سماعت کرتے ہوئے لی، (وہ فرماتے ہیں:) ہمیں محمد بن مرتضی بن عفیف نے پوری کتاب کی

سماعاً اجازت دی اور محمد بن اسماعیل بن انماطی نے کتاب کے آغاز سے ''باب الورع'' تک سماعاً اور باقی کتاب کی اجازتا زینب بنت عبد الرحمٰن الشعریہ کی اجازت کے ساتھ، اور ان دونوں نے ابو الفتوح عبد الوہاب الشاذیاخی سے سماع کے ساتھ اور انہوں نے امام ابو القاسم عبد الکریم بن ھوازن القشیری نیساپوری سے براہ راست سماع کر کے اجازت لی۔''[1]

الرسالة القشيرية کا مختصر تعارف

امام قشیریؒ نے مختلف علوم وفنون پر ۳۰ سے زائد علمی یادگاریں چھوڑیں ہیں۔ ان کا پسندیدہ موضوع تصوف تھا۔ علم تصوف پر ان کی کتاب **الرسالة القشيرية** اس فن کی بہترین اور مقبول ترین کتاب ہے۔ یہ کتاب اپنے مشتملات کے اعتبار سے نہایت اہم ہے۔ فنی اعتبار سے اس کا شمار تصوف کی اہم ابتدائی کتب میں ہوتا ہے جن میں حضرت علی ہجویری کی **کشف المحجوب**، امام سلمی کی **الطبقات الصوفية**، امام ابو طالب مکی کی **قوت القلوب**، امام کلا بازی کی **التعرف**، امام ہروی کی **منازل السائرين**، امام ابونعیم کی **حلية**

(۱) ابن حجر العسقلانی، المعجم المفهرس: ۱۸۵، الرقم: ۷۶۰

امام قشیریؒ کے مزید حالاتِ زندگی جاننے کے لئے دیکھیں:

سير أعلام النّبلاء، ۱۸: ۲۲۷، وتاريخ بغداد، ۱۱: ۸۳، والمنتظم، ۱٦: ۱٤۸، وطبقات الشّافعيّة للسّبكي، ٥: ۱٥۳، وطبقات الإسنوي، ۲: ۳۱۳، وطبقات الأولياء: ۲٥۷، وطبقات ابن قاضي شهبة، ۱: ۲۷۳، ووفيات الأعيان، ۳: ۲۰٥، والأنساب، ٤: ٥۰۳، وتاريخ الإسلام حوادث: ٤٦۱۔٤۷۰ والصفحة: ۱۷۰، والنّجوم الزّاهرة، ٥: ۹۱، وإنباه الرّواة، ۲: ۱۹۳، وطبقات المفسّرين للداودي، ۱: ۲۳۸، والبداية والنهاية، ۱۲: ۱۰۷، ودمية القصر، ۲: ۹۹۳، والشّذرات، ٤: ٦، والتّدوين في أخبار قزوين، ۳: ۲۷۳۔

الاولیاء اور امام غزالی کی **إحیاء علوم الدین** جیسی کتابیں خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

کتاب کا پورا نام **الرسالة القشیریة في علم التصوف** ہے۔ متاخرین نے اکثر صرف **الرسالة** کے نام سے ذکر کیا ہے۔ سال تصنیف ۴۳۷ھ ہے جس کی تصریح امام قشیریؒ نے خود دیباچہ میں کی ہے۔ صدیوں سے یہ کتاب اربابِ تصوف کے لیے بہترین مرشد کا کام دیتی چلی آئی ہے۔ امام قشیریؒ کے نزدیک تصوف کی حقیقت کیا ہے، اس کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ **الرسالة القشیریة** کے مضامین و مطالب کا بغور مطالہ کیا جائے۔ یہ کتاب علم تصوف کے ان تمام مضامین و مباحث کی جامع ہے، جو پانچویں صدی ہجری کے نصف آخر تک ظہور پذیر ہو چکے تھے۔ یہ کتاب اپنے مواد اور تصور کے اعتبار سے منفرد ہے۔

آغاز میں امام قشیریؒ نے اس کتاب کے اغراض و مقاصد لکھے ہیں۔ جس میں اہم مقصد یہ ہے کہ تصوف کو بدعات اور خرافات سے پاک کر کے اس کو صحیح صورت میں پیش کیا جائے۔ چنانچہ سبب تالیف بیان کرتے ہوئے امام قشیریؒ رقمطراز ہیں:

إعلموا، رحمكم الله، أن المحققين من هذه الطائفة إنقرض أكثرهم، ولم يبق في زماننا هذا من هٰذه الطائفة إلّا أثرهم، ...... حصلت الفترة في هذه الطريقة، لابل إندرست الطريقة بالحقيقة مضى الشيوخ الذين كانوا بهم اهتداء، وقل الشباب الذين كان لهم بسيرتهم وسنتهم إقتداءً، وزال الورع وطوى بساطه، واشتد الطمع وقوى رباطه. وارتحل عن القلوب حرمة الشريعة، فعدوا قلة المبالاة بالدين أوثق ذريعة ورفضوا التمييز بين الحلال والحرام. ودانو ابترک الاحترام، وطرح الاحتشام، واستخفوا باداء العباداة واستهانوا بالصوم والصلٰوة، وركضو فى ميدان

الغفلات وركنوا الى اتباع الشهوات وقلة المبالاة تبعاطى المحظورات، والارتفاق بما يأخذونه من السوقة، والنسوان، وأصحاب السلطان، فعلقت هٰذه الرّسالة إليكم أكرمكم الله.[1]

’’اس طبقہ کے جو محققین تھے ان میں سے اکثر اٹھ گئے۔ اور ہمارے زمانہ میں ان لوگوں کی بس یاد ہی باقی رہ گئی۔ اصل طریقہ گویا مفقود ہو ہی ہوگیا ہے۔ اور حقیقت کے میدان میں سناٹا چھا گیا ہے۔ وہ شیوخ رخصت ہو گئے جو راہ دکھلاتے تھے اور وہ جوان بھی زیادہ نہ رہے جن کی سیرت اختیار کی جائے۔ زہد وتقویٰ کی بساط ہی الٹ گئی اور حرص وطمع کا دور دورہ آ گیا۔ شریعت کا احترام تک دلوں سے مٹ گیا۔ اور دین کی طرف سے بے پروائی اور آسان ہوگئی، احکام کی عظمت نہ رہی اور عبادات کی ادائیگی میں سستی برتی جانے لگی، صوم و صلاۃ کی بے وقعتی دلوں میں سما گئی، لوگ غفلت کے میدان میں کود پڑے اور خواہشات کی اتباع کے درپے ہو گئے اور ممنوعاتِ دین کی پرواہ بہت کم ہوگئی، بازاری لوگوں، خواتین اور شاہی لوگوں سے مفادات کا حصول بڑھ گیا۔ ان حالات میں میں نے یہ رسالہ آپ لوگوں کی خدمت میں لکھنے کا ارادہ کیا۔‘‘

امام قشیریؒ وجہِ تصنیف بیان کرنے کے بعد کتاب کے مندرجات کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

ذكرت فيها بعض سير شيوخ هٰذه الطريقة في آدابهم وأخلاقهم ومعاملاتهم وعقائدهم بقلوبهم وما أشار وإليه من مواجيدهم وكيفية ترقيهم من بدايتهم إلى نهايتهم لتكون المويدي هذه الطريقة قوة ومنكم لي بتصحيحها شهادة.[2]

(١) الرسالة القشيرية: ١٦

(٢) الرسالة القشيرية: ١٨

’’اس میں میں نے شیوخ طریقت کی سیرتوں کا ذکر کیا ہے۔ جن سے ان کے آداب و اخلاق، معاملات و عقائد پر روشنی پڑے گی۔ اور ان کے وجد و حال اور ان کی ابتداء تا انتہاء کیفیاتِ ترقی کی جانب اشارے ہیں۔ تاکہ ان کے مطالعہ سے طریقت کے طالبین و سالکین کو قوت حاصل ہو اور میرے لئے آپ کی طرف سے اِس کی تصحیح کی سند ہو۔‘‘

امام قشیریؒ کے نزدیک تصوف کی بنیاد توحید پر قائم ہے۔ اِس لئے اُنہوں نے کتاب کے آغاز میں زیادہ زور توحید پر دیا ہے۔ اہمیت توحید کو اجاگر کرنے کے لئے امام قشیریؒ نے صوفیاء کرام کے نزدیک توحید کے معانی و مطالب بیان کئے ہیں اور بہت سے صوفیاء کے اقوال پیش کئے ہیں۔

اِس کے بعد ایک مکمل باب ہے جس میں تراسی (۸۳) اکابر صوفیاء کرام کا تذکرہ ہے جس کا آغاز حضرت ابراہیم بن ادہمؒ (م۱۶۱ھ/ ۷۷۷ء) اور اختتام حضرت احمد بن روذباری (م ۳۶۹ھ/ ۹۷۹ء) پر ہوا ہے۔ اس باب میں انہوں نے مشائخ کے حالات اور اقوال کو منفرد انداز میں بیان کیا ہے۔ اس اہم کتاب میں جن بزرگوں کا تذکرہ ہے۔ ان میں سے ہر ایک کا شمار ملک اور زمانہ کے کامل اور مسلم اولیاء اللہ میں ہوتا ہے مثلاً حضرت ابراہیم ادھمؒ، حضرت فضیل عیاضؒ، حضرت ذوالنون مصریؒ، حضرت معروف کرخیؒ، حضرت سہل تستریؒ، حضرت سری سقطیؒ، حضرت با یزید بسطامیؒ، حضرت یحیٰی بن معاذ الرازیؒ، حضرت شقیق بلخیؒ، حضرت جنید بغدادیؒ وغیرہم کے اقوال اور اعمال دونوں سے یہ واضح کیا ہے کہ اُن کی نظر میں اتباعِ شریعت کی کتنی اہمیت تھی۔

اِسی طرح ایک باب قائم کر کے اِس میں تصوف کی اصطلاحات بالخصوص احوال اور وہ مسائل جو نفس، قلب اور روح سے متعلق ہیں، کی تشریح و توضیح کی ہے۔

اِس کے بعد مسلسل کئی ابواب ہیں جن میں اُن مقامات و درجاتِ سلوک کا ذکر

ہے جن کے ذریعے وہ سلوک وتصوف کی منازل طے کرتا ہے۔ ان ابواب کی ابتدا توبہ کے بیان سے کی ہے۔ اس کے بعد احوال، مقامات و مسائل تصوف سے متعلق جتنے اہم عنوانات ہو سکتے ہیں۔ سب پر الگ الگ ایک باب باندھا ہے اور اس پر قرآن مجید، احادیث رسول ﷺ اور اقوالِ اَسلاف کی روشنی میں گفتگو کی ہے۔ ان ابواب کی تعداد تقریباً پچاس ہے۔ چند عنوانات ملاحظہ ہوں:

باب التوبة. باب المجاهدة. باب التقوى. باب الورع. باب الزهد. باب الحزن. باب الجوع وترك الشهوة. باب مخالفة النفس وذكر عيوبها. باب الحسد. باب القناعة. باب الذكر. باب الجود والسخا. باب الغيرة. باب الصحبة. باب السماع.

یہ تمام باب، اختصار کے باوجود جامعیت کا وصف رکھتے ہیں۔ امام قشیریؒ کے نزدیک سلوک کا اصل ماخذ قرآن مجید ہے بطور دلیل وہ باب کا آغاز آیت کریمہ سے کرتے ہیں۔ جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ امام قشیریؒ کو قرآن مجید سے استنباط نکات میں ملکہ حاصل تھا۔ آیاتِ قرآنی کے بعد اگلا درجہ احادیث نبوی کو دیا ہے۔ لہٰذا اگر کسی باب سے متعلق کوئی صریح و واضح آیت قرآنی نہ مل سکی۔ اسے حدیث سے شروع کیا ہے اور یوں عملاً بھی یہ ثابت کر دیا کہ تصوف اسلامی کے ماخذوں میں قرآن مجید کے بعد دوسرا درجہ حدیثِ رسول ﷺ کا ہے۔

اِس کے بعد ایک باب کراماتِ اولیاء کے عنوان سے ہے، جس میں ولی کا معنی و مفہوم، کرامت کے امکان و وقوع اور شرائطِ وقوع پر بحث کی ہے۔

پھر ایک مستقل باب آدابِ صوفیاء پر مشتمل ہے، اس میں راہ طریقت کی آفتوں سے آگاہ کیا گیا ہے اور ان سے بچنے کے طریقے بتلائے گئے ہیں۔

آخر میں امام قشیریؒ نے راہ سلوک پر چلنے والوں کو اہم نصائح کیے ہیں۔ امام قشیریؒ کا طرز بیان اگرچہ علمی ہے، لیکن لطف زبان اور حسن بیان کو بھی انہوں نے برقرار رکھا ہے۔ اِس باب کو کتاب کا خلاصہ یا نچوڑ اور مکتبِ تصوف کا دستور العمل کہا جا سکتا ہے۔ اُن کا اُسلوبِ بیان دل نشین اور منفرد ہے:

سب سے پہلے وہ زیر بحث مسئلہ کے اثبات کے لیے قرآن مجید سے استدلال کرتے ہیں۔ اس کے بعد مستند راویوں کے واسطے سے احادیث و اقوال نقل کرتے ہیں۔

امام قشیریؒ کا شمار راسخ العقیدہ اکابر صوفیاء میں ہوتا ہے لہٰذا انہوں نے اس کتاب میں باطل اور ملحدانہ نظریات کا سختی سے رد کیا ہے۔

امام قشیریؒ نے تصوف کے قواعد کی بنیاد توحید کے صحیح اصولوں پر رکھی ہے اور اپنے عقائد کو بدعتوں سے محفوظ رکھا ہے۔ ان قواعد کی پیروی کی ہے جن پر انہوں نے سلف صالحین اور اہل سنت کو پایا۔

امام قشیریؒ نے شرعی تصوف اور ملحدانہ تصوف کے درمیان واضح فرق کیا ہے۔ الرسالة القشیریة کی ایک انفرادی خصوصیت یہ ہے کہ **امام قشیریؒ نے محدثین کے طرز پر مکمل سند کے ساتھ احادیثِ نبوی ﷺ کو بیان کیا ہے۔ ان میں کئی مرفوع متصل روایات بھی ہیں۔ زیرِنظر کتاب میں ان کی کتاب سے ایسی ہی چھہتر (٧٦) اَحادیثِ مبارکہ کو دیگر کتبِ احادیث سے تخریج کر کے مع سند دیا جا رہا ہے تاکہ معلوم ہو کہ صوفیاء کرام روحانیت کے اعلیٰ مقام پر فائز ہونے کے ساتھ ساتھ علمِ حدیث میں بھی کامل مہارت رکھتے تھے۔**

إِسْنَادُ الْمُؤَلِّفِ

إِلَى

الْإِمَامِ أَبِي الْقَاسِمِ عَبْدِ الْكَرِيْمِ الْقُشَيْرِيِّ رضي الله عنه

﴿امام ابو القاسم القشیری رضی اللہ عنہ تک مؤلّف کی متصل اَسانید﴾

السّند الأوّل:

﴿طريق الإمام الحافظ ابن حجر العسقلاني﴾

أروي عن والدي الشيخ الدّكتور فريد الدّين القادري **عن** الشيخ محمّد المكّي بن محمّد الكتّاني **عن** الإمام محمّد بن جعفر الكتّاني **عن** الإمام يوسُف بن إسماعيل النّبهاني **عن** الشيخ إبراهيم السّقا المصري **عن** الشيخ محمّد صالح البخاري **عن** الشيخ رفيع الدّين القندهاري **عن** الشريف الإدريسي **عن** الإمام عبد الله بن سالم البصري **عن** الشيخ أبي عبد الله محمّد بن علاء الدّين البابلي **عن** الشيخ أبي النّجا سالم بن محمّد السَنهُوري **عن** الشيخ النّجم محمّد بن أحمد الغَيْطي **عن** الشيخ القاضي زكريا بن محمّد الأنصاري **عن** الحافظ أبي نعيم رضوان بن محمّد بن يوسف العقبي **عن** الشيخ أبي طاهر محمّد بن

محمّد بن عبد اللّطيف بن الكويك **عن** الإمام الحافظ الشهاب أحمد بن حجر العسقلاني **عن** الإمام أبي المعالي عبد الله بن عمر بن علي الأزهري **عن** الإمام البدر محمّد بن أحمد بن خالد الفارقي **عن** الإمام محمّد بن مُرتضى بن العفيف والإمام محمّد بن إسماعيل بن الأنماطي **عن** الإمام أبي الفتوح عبد الوهّاب الشّاذُياخي **عن** الإمام أبي القاسم عبد الكريم بن هَوازن القُشيري النّيسابوري رضي الله عنه (صاحب الرّسالة).

﴿ح﴾ وروى الإمام الحافظ الشّهاب أحمد بن حجر العسقلاني **عن** الإمام أبي هريرة ابن الذّهبي **عن** الإمام محمّد ابن أبي بكر بن النّحاس **عن** الإمام محمّد بن عبد الله بن أبي الفضل المُرْسي **عن** الإمام أبي رَوْح عبد المُعِزّ بن محمّد الهروي **عن** الإمام زاهر بن طاهر

الشَّحَّامي **عن الإمام أبي القاسم عبد الكريم بن هَوازن القُشيري النّيسابوري** رضي الله عنه.

﴿ح﴾ **وروى الإمام الحافظ الشّهاب أحمد بن حجر العسقلاني أيضًا عن** الحافظ أبي الفضل بن الحسين والحافظ أبي الحسن الهيثمي كلاهما **عن** الإمام أبي محمّد عبد الله بن محمّد بن إبراهيم المقدسي العطّار **عن** الإمام الفخر علي بن أحمد بن عبد الواحد بن البخاري **عن** الإمام محمّد بن مَعْمَر بن الفاخر **عن الإمام أبي القاسم عبد الكريم بن هَوازن القُشيري النّيسابوري** رضي الله عنه.

السّند الثّاني:

﴿طريق الشيخ الأكبر محيي الدين ابن العربي﴾

أروي عن والدي الشّيخ الدّكتور فريد الدّين القادري **عن** الشّيخ محمّد المكّي الكتّاني الصّوفي **عن** والده الإمام محمّد بن جعفر الكتّاني الصّوفي **عن** الشّيخ علي بن ظاهر الوَتري المدني الصّوفي **عن** الإمام أبي عبد الله محمّد بن محمّد الأمير الكبير المصري الصّوفي **عن** الشّيخ أبي الحسن علي بن أحمد العدوي الصّعيدي المصري الصّوفي **عن** الشيخ محمّد بن أحمد الشهير بابن عقيلة المكّي الصّوفي **عن** الشّيخ حسن بن علي العُجيمي الصّوفي **عن** الشّيخ أحمد بن محمّد القشاشي الصّوفي **عن** الشّيخ أحمد بن علي الشّناوي الصّوفي **عن** أبيه علي بن عبد القدّوس الشّناوي الصّوفي **عن** الشّيخ عبد الوهّاب الشَّعراني

الصّوفي **عن** الشّيخ زكرياء بن محمّد الفقيه الصّوفي **عن** العارف بالله محمّد بن زين الدّين المراغي العثماني الصّوفي **عن** الشّيخ شرف الدّين إسماعيل بن إبراهيم الجبرتي العقيلي الصّوفي **عن** المُسنِد أبي الحسن علي بن عمر الواني الصّوفي **عن** الشيخ الأكبر محيي الدّين محمّد بن علي بن العربي الطّائي الحاتمي الصّوفي **عن** الشّيخ أبي بكر محمّد بن عبد الله ابن العربي المَعَافِرِيّ الصّوفي **عن** الشيخ عبد الوهّاب بن علي المعروف بابن سُكَيْنة الصّوفي **عن** الشّيخ عبد المُنعِم بن عبد الكريم القُشيري الصّوفي **عن أبيه** **الإمام أبي القاسم عبد الكريم بن هَوازن القُشيري النّيسابوري** رضي الله عنه.

